السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

سفیان ثوری رحمہ اللہ کی تدلیس اور معنعن روایت کے بارے میں، آپ کے نزدیک راجح قول کیا ہے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

سفیان ثوری کے بارے میں راجح یہی ہے کہ وہ ثقہ امام اورامیر المومنین فی الحدیث ہونے کے ساتھ مدلس بھی ہیں اور آپ ضعفاء وغیرہم سے تدلیس کرتے تھے لہٰذا آپ کی غیر صحیحین میں معنعن روایت، عدم متابعت وعدم تصریح سماع کی صورت میں ضعیف ومردود ہوتی ہے۔ حافظ ابن حجر رحمہ اللہ کا انھیں طبقۂ ثانیہ میں شمار کرنا صحیح نہیں بلکہ وہ طبقۂ ثالثہ کے فرد ہیں، جیسا کہ حاکم نیشاپوری نے انھیں طبقۂ ثالثہ میں ذکر کیا ہے۔ (معرفة علوم الحدیث ص ۱۰۶، جامع التحصیل ص ۹۹ ونور العینین طبع جدید ص ۱۳۸)

حافظ ابن حبان رحمہ اللہ نے فرمایا:

''.........واما المدلسون الذین ہم ثقات وعدول فانا لا نحتج باخبارہم الا مابینوا السماع فیمارووا مثل الثوری والاعمش وابی اسحاق واضرابہم''

اورایسے مدلس راوی جوثقہ وعادل تھے تو ہم ان کی احادیث سے حجت نہیں پکڑتے سوائے اس کے کہوہ تصریح سماع کریں جوانھوں نے روایت کیا ہے، مثلاً ثوری، اعمش، ابواسحاق اوران جیسے دوسرے.........(الاحسان ج ا ص ۹۰، دوسرا نسخہ ص ۱۶۱، واللفظ لہ)

یہیہ تحقیق راجح اور صحیح ہے اورراقم الحروف نے اسے ہی نور العینین اور التاسیس فی مسئلۃ التدلیس (مطبوعہ ماہنامہ الحدیث: ۳۳) میں اختیار کیا ہے۔

یادرہے کہ عبدالرشید انصاری صاحب کے نام میرے ایک خط (۱۹/۸/۱۴۰۸ھ) میں سفیان ثوری کے بارے میں یہ لکھا گیا تھا کہ

''(طبقۂ ثانیہ کا مدلس ہے جس کی تدلیس مضر نہیں ہے۔'' (جرابوں پر مسح ص ۴۰''

میری یہ بات غلط ہے، میں اس سے رجوع کرتا ہوں لہٰذا اسے منسوخ وکالعدم سمجھا جائے، عینی حنفی لکھتے ہیں کہ ''وسفیان من المدلسین والمدلس لا یحتج بعنعنتہ الاان یثبت سماعہ من طریق آخر'' اور سفیان (ثوری) مدلسین میں سے ہیں اورمدلس کی عن والی روایت سے حجت نہیں پکڑی جاتی الا یہ کہ دوسری سند سے سماع کی تصریح ثابت ہوجائے۔

ھذا ما عندي والله أعلم بالصواب

فتاویٰ علمیہ (توضیح الاحکام)

ج2ص317

محدث فتویٰ